ورما فلمز کا تیار کردہ بہترین شاہکار

پربت

موسیقی از
شنکر جے کشن

مع گانے

قیمت ۱

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اداکاران :- مدھوبالا۔ پریم ناتھ۔ پورنیما۔ آغا۔ رندھیر۔ ہیرالعل وغیرہ

بادل کے گانے

نمبر ۱

دُنیا بدل رہی ہے آنسو بہانے والے
طوفان آنسوؤں کا پلکوں میں اب چھپالے
دِل میرا تجھ سے بولے آنسو بنا لے شعلے
اُمید کی کرن سے یہ دِل کا داغ دھولے
ان غم کی آندھیوں میں من کے دیئے جلالے
اب دُور کر اندھیرا چمکے گا پھر سویرا
تجھ سے نظر مِلا کر بھر آیا دل بھی میرا
اُجڑی جوانیوں کی بگڑی کو تو بنالے
تُو بھی تو اب بدل جا۔ یہ وقت ہے سنبھل جا
روکے گا کون تجھکو اِک تیر بنکے چل جا
میں دِل کا ساز چھیڑوں تُو سُکھ کے گیت گالے۔ آنسو......

نمبر ۲

آج ملے۔ آج مانے نہ موراجیا ٹھمک ٹھمک ناچے

ساون کا موسم سُہانا ۔ ہو ساون کا موسم سُہانا

ہو جانور نے گھر گھر گنا ہو جانور نے گھر گھر گنا

دیکھو آئے ۔ دیکھو آئے اُمنگ بھرے رنگ بھرے بادل

لائے خوشی کا خزانہ ۔ ہو ساون کا موسم سُہانا

ان کا آنا ہوا غم کا جانا ہوا ۔ کیسی بانکی نظر دل کا نشانہ ہوا

میں ہوں یہاں دل تیرے پاس ہے

تُو ہے چاہے جہاں تُو میرے پاس ہے

میرے ارمان اب یہ نہیں مانتے

میں ہوں انکی مگر وہ نہیں جانتے ۔ آج ۔۔

نمبر ۳

میں راہی بھٹکنے والا ہوں ۔ کوئی کیا جانے متوالا ہوں

یہ مست گھٹا میری چادر ہے ۔ یہ دھرتی میرا بستر ہے

میں رات میں دن کا اُجالا ہوں

یہ بجلی راہ دکھاتی ہے ۔ منزل پہ مجھے پہنچاتی ہے

میں طوفانوں کا پالا ہوں ۔ کوئی ۔۔۔۔۔

میں مچلوں تو اک راگ بھی ہوں ۔ میں جھوموں تو اک آگ بھی ہوں

دُنیا سے دُور نرالا ہوں ۔ کوئی ۔۔۔

نمبر ۴

اُن سے پیار ہوگیا۔ دل میرا کھو گیا۔ اُن سے پیار ہوگیا
آگ بجھائی اک آگ لگا کے۔ اُن سے ....

نینوں سے نین ملے بدلے زمانے۔
سمجھیں سمجھنے والے اور نہ جانے
اُلفت کی دیکھو کیسی عجب کہانی۔ آئے نہ یاد پھر بھی پہلے ہے پانی
ان سے پیار ہوگیا ....

نمبر ۵

اے دل نہ مجھ سے چھپا۔ سچ بتا کیا ہُوا
جانے بھی دلربا جو ہُوا سو ہُوا
تارے گنے رات بھر جانے کب یاد میں سو گئی
وہ خواب تھا مدھ بھرا جسمیں ہوش میری کھو گئی
کوئی نیند میں زندگانی کے ہم کو لوٹ کے چلدیا۔ جانے بھی دو...
کھڑکی نہ چھوڑ کھلی پیار کے چور ہیں تاک میں
کتنوں کی چوری ہوئی مدھ بھری چاندنی رات میں
ایسے مرض کی دل کے دردگی دل کا درد ہی ہے دوا۔ جانے...
باتیں بناؤ نہ جی راز تو آپ کے کھل گئے

آنکھیں چُراؤ نہ جی نین سے نین تو مل گئے

کیا بُرا ہُوا دل مچل گیا۔ عُمر بدل گیا آپ کا۔ جانے بھی...

منیر

دو دن کے مہمان یہاں معلوم نہیں منزل ہے کہاں

ارمان بھرا دِل تو ہے مگر جو دِل سے ملے وہ دل ہے کہاں

اِک پھول جلا اِک پھول کھِلا کچھ اپنا لُٹا کچھ انکو ملا

کیسے کریں قسمت سے گلہ رنگین ہر اک محفل ہے کہاں

دُنیا میں سویرا ہونے لگا۔ اِس دِل میں اندھیرا ہونے لگا

ہر زخم سسک کر رونے لگا کس مُنہ سے کہیں قاتل ہے کہاں

جلتا ہے جگر اُٹھتا ہے دُھواں آنکھوں سے میری آنسو ہیں رواں

مرنے سے ہو جائے آساں ایسی یہ میری مشکل ہے کہاں

منیر

انمول پیار بن مول بکے اس دُنیا کے بازار میں

انسان اور ایمان بکے اس دُنیا کے بازار میں

کھلتے ہیں اس پھلواری میں پیار کی کلیاں جل جاتی ہیں

دِل کی دِل میں رہ جاتی ہیں چاندنی راتیں ڈھل جاتی ہیں

کتنے ہی سنسار اُجڑ جاتے ہیں اِس سنسار میں۔ انمول..

دل کے اُجالے میں بھی کوئی ہمکو لوٹ کے چلدیتا ہے
پیار بھرا ارمان بھرا یہ دل پیروں سے کچل دیتا ہے
چمن ہماری اُمیدوں کے سُوکھے بھری بہار میں
دھن دولت کے دودھ پہ ہم نے پاپ کے سانپ کو پلتے دیکھا
اُلٹی ریت کی اِس دُنیا میں صبح کا سُورج ڈھلتے دیکھا
بول یہی انصاف ہے کیا مالک تیرے دربار میں۔

نمبر ۸

خوشی تو قید میں ہے یہ کوئی جینا بھی جینا ہے
ارے ظالم زمانے تُو نے دل کا چین چھینا ہے
روتا ہے میرا دل کس کو پکاروں کیا کروں
جینا بھی ہے مشکل کس کو پکاروں کیا کروں
تقدیر نے مجھکو لوٹ لیا اور آس کا سُورج ڈوب گیا
یہ غم کی گھٹائیں ایسی اُٹھیں امید پہ پانی پھیر دیا
اب دُور ہوئی منزل کس کو پکاروں کیا کروں
یہ پھول خوشی کے کانٹے ہیں ہم چھپکے چھپکے روتے ہیں
اے موت گواہی دینا تم ہم موت پہ قرباں ہوتے ہیں
دُنیا ہے بڑی قاتل کس کو پکاروں کیا کروں

مرجائیں تو اتنا کر دینا دو آنسو آ کے چڑھا دینا
اس پیار کی اجڑی بستی میں اک یاد کا دیا جلا دینا
تم ہو نہ سکے حاصل کس کو پکاروں دل کیا کروں

(ختم شد)